Nestlé
Good Food, Good Life

نیسلے پاکستان کا کلین گرین پاکستان موومنٹ سے معاہدہ

پریس ریلیز

اسلام آباد 01 مارچ، 2019ء : نیسلے پاکستان نے اکتوبر 2018ء میں وزیراعظم پاکستان کی جانب سے شروع ہونے والی تحریک، کے زیر تحت منسٹری آف کلائمیٹ چینج کے ساتھ، کلین گرین پاکستان موومنٹ (Clean Green Pakistan movement) کے لئے مفاہمت کی ایک یادداشت پر (MoU) دستخط کئے ہیں۔ کلین گرین پاکستان یعنی صاف ستھرا اور سرسبز پاکستان اس مہم کا سب سے اہم اور ضروری پہلو ہے جو زیادہ تر جنگلات کے علاقوں کا احاطہ کرتا ہے اور اسی طرح وہ دیہاتی / شہری علاقے جہاں صفائی کی صورتحال ناقص ہے اس کے زمرے میں آتے ہیں۔

کلین گرین پاکستان وزارتِ ماحولیات کی شروع کردہ ایک مہم ہے جو حفظان صحت کے شعور سمیت مائع اور فضلہ مینجمنٹ کی حفظان صحت کے اصولوں پر توجہ مرکوز کرتا ہے؛ محفوظ پینے کے پانی تک رسائی؛ شجرکاری بمعہ ایک وسیع پیمانے پر afforstation مہم اس میں شامل ہیں، اس کے علاوہ ٹھوس گندگی کی نکاسی بمعہ عوامی جگہوں، اسکولوں اور سڑکوں پر صفائی کا عزم اس مہم کا حصہ ہیں۔

اس مہم کے زیر تحت اقدام کے ذریعہ، نیسلے پاکستان اپنے پروگرام برائے نیسلے ہیلدی کڈز اور ہیلدی ویمن کے اقدامات پر حفظانِ صحت کے بارے میں آگاہی کا فروغ کرے گا۔ نیسلے کے اپنے پروگرام ایمپلائی والنٹیئر پروگرام (Employee Volunteer Program (EVP کے تحت پاکستان کے مختلف شہروں میں عوامی جگہوں کی صفائی کی مہم بھی شروع کرے گا۔ نیسلے پاکستان اپنی شجرکاری مہم کے تحت 50,000 درخت اپنی مختلف سائٹس میں لگانے کا عزم بھی رکھتا ہے۔ نیسلے پاکستان کے "Caring for Water" اقدام کے طور پر، ملک بھر میں 60,000 کمیونٹیز کو پینے کا صاف پانی فراہم کیا جاتا ہے۔

اس موقع پر نیسلے کے کارپوریٹ افیئرز کے ہیڈ، وقار احمد نے کہا: ''کلین گرین پاکستان کے اقدام نے ماحولیاتی تبدیلی کے چیلنج کو حل کرنے کے لئے وزیراعظم پاکستان کے عزم کی عکاسی کی ہے۔ اس تحریک کے ساتھ ہماری شراکت داری، ماحولیات کی حفاظت کے ہمارے وعدوں سے مطابقت رکھتی ہے جس میں 2025ء تک ہماری تمام مصنوعات کے لئے 100 فیصد دوبارہ استعمال کی جانے والی پیکیجنگ کا استعمال شامل ہے، جس کی وجہ سے قدرتی گراؤنڈ کو محفوظ کیا جائے گا، اس میں جنگلات کا احاطہ ہوگا اور کھانے پینے کی اشیاء کے ضائع ہونے میں کمی ہوگی۔ ہم صاف پانی، نکاس، زمین اور زندگی سمیت ترقی کے پائیدار اہدف (SDGs) کو حاصل کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔''

اس موقع پر، مفاہمت کی یادداشت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، منسٹری آف کلائمیٹ چینج کے لئے وزیراعظم پاکستان کے مشیر، ملک امین اسلم نے مزید کہا: ''کلین گرین پاکستان مہم انشااللہ ملک کے پائیدار مستقبل کو سنوارے گی۔ ہم اس مہم کے لئے نیسلے سے تعاون کا خیر مقدم کرتے ہیں اور یہ پاکستان میں ماحولیاتی ذمے دار کاروباری ادارے کے طور پر ان کی کردار کی عکاسی کرتا ہے۔''

☆☆☆اختتام☆☆☆

نیسلے پاکستان کا تعارف:

نیسلے پاکستان غذا اور مشروبات کی سب سے بڑی عالمی کمپنی ہے۔ دنیا بھر کے 191 ممالک میں اس کی موجودگی ہے جہاں اس کے 328,000 ملازمین نیسلے کے مقصد، ایک صحت مند مستقبل کے لئے زندگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لئے پُرعزم ہیں۔ نیسلے اپنے صارفین کے لئے مختلف مصنوعات اور خدمات زندگی بھر کے لئے مہیا کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے :

فاطمہ اختر
پبلک افیئرز منیجر (نارتھ)، نیسلے پاکستان
رابطہ نمبر: 0345-8552047
ای میل: FatimaAkhta@PK.Nestle.com